Series **E1GFH/5**

*Set No. 3*

Q.P. کوڈ
Q.P. Code **253/5/3**

رول نمبر / Roll No.

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# تاریخ

# HISTORY

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

| *NOTE* | نوٹ |
|---|---|
| (I) *Please check that this question paper contains 16 printed pages (Including 1 Map).* | (I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 16 ہے۔اور نقشوں کے صفحات کی تعداد 1 ہے۔ |
| (II) *Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.* | (II) پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔ |
| (III) *Please check that this question paper contains 34 questions.* | (III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 34 ہے۔ |
| (IV) ***Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.*** | (IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔** |
| (V) *15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.* | (V) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔ |

**عام ہدایات:**

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے:**

(i) اس سوال نامے میں 34 سوال ہیں۔ **تمام** سوال کرنے لازمی ہیں۔

(ii) سوالنامے میں **پانچ** حصے ہیں۔ حصہ – A، B، C، D اور E۔

(iii) **حصہ** – A میں سوال نمبر 1 تا 21 کثیر اختیاراتی سوالات (MCQ) ہیں۔

(iv) **حصہ** – B میں سوال نمبر 22 تا 27 چھوٹے جواب کے سوال (SA) ہیں، ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 60 تا 80 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) **حصہ** – C میں سوال نمبر 28 تا 30 لمبے جواب (LA) کے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 8 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 300 تا 350 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) **حصہ** – D میں سوال نمبر 31 تا 33 ماخذ پر مبنی سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال میں 3 ذیلی سوالات ہیں۔ ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔

(vii) **حصہ** – A میں سوال نمبر 34 نقشے کا سوال 5 نمبر کا ہے جس میں نشان زد علامتوں کو پہچاننا اور ٹھیک مفہوم سمجھ کر انہیں نقشے میں دکھانا شامل ہے۔ نقشے کو اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑیئے۔

(viii) اس سوالنامے میں مجموعی طور پر کوئی Choice نہیں ہے حالانکہ کچھ سوالوں میں اندرونی انتخاب کرنے کا اختیار (Choice) دیا گیا ہے۔ ان سوالوں میں سے صرف ایک ہی Choice کا جواب لکھنا ہے۔

(ix) اس کے علاوہ ہر ایک حصے اور ہر ایک سوال کے ساتھ جہاں ضروری ہے ہدایات دی گئی ہے۔

**General Instructions :**

***Read the following instructions carefully and strictly follow them :***

*(i)* *This question paper contains **34** questions. **All** questions are compulsory.*

*(ii)* *Question paper is divided into **FIVE** Sections – Section **A, B, C, D** & **E**.*

*(iii)* *In **Section A** – Question Nos. **1** to **21** are Multiple Choice Questions (MCQ) type questions.*

*(iv)* *In **Section B** – Question Nos. **22** to **27** are Short Answer (SA) type questions, carrying **3** marks each. Answer to these question should not exceed **60 to 80** words.*

*(v)* *In **Section C** – Question Nos. **28** to **30** are Long Answer (LA) type questions, carrying **8** marks each. Answer to these question should not exceed **300 to 350** words.*

*(vi)* *In **Section D** – Question Nos. **31** to **33** are Source Based questions with three sub questions are of **4** marks each.*

*(vii)* *In **Section E** – Question No. **34** is Map based question, carrying **5** marks that included the identification and location of significant test items. Attach the map with the answer book.*

*(viii)* *There is no overall choice in the question paper. However, an internal choice has been provided in few questions. Only **one** of the choices in such questions has to be attempted.*

*(ix)* *In addition to this, separate instructions are given with each section and question, wherever necessary.*

## حصہ - A

**کثیر اختیاراتی سوالات (MCQ)** 21 × 1 = 21

1. درج ذیل معلومات کی مدد سے برٹش افسر کو پہچان کر صحیح جواب کا انتخاب کیجیے: 1

- وہ ایک طبیب (ڈاکٹر) تھے جو 1794 سے 1815 کے دوران ہندوستان آئے۔
- انہوں نے بنگال میڈیکل سروس میں ملازمت کی۔
- انہوں نے لارڈ ویلزلی کے سرجن کے طور پر کام کیا۔
- انہوں نے کلکتہ (موجودہ کولکاتہ) میں 'کلکتہ علی پور چڑیا گھر' کی تشکیل دی۔

**متبادل:**

(A) مارکو پولو
(B) فرانسس بکانن
(C) فرانکوئس برنیئر
(D) کولن میکینزی

2. درج ذیل میں سے کون سے صحیح جوڑ ہیں؟ 1

I. تمل ناڈو میں چول
II. ورنگل میں ہوئسال
III. دکن کے سلطان
IV. اڑیسہ کے گج پتی

**متبادل:**

(A) I, II & III
(B) I, II & IV
(C) I, III & IV
(D) II, III & IV

3. درج ذیل متبادل میں سے دیے گئے مندر کو پہچانیے: 1



**متبادل:**

(A) وٹھل مندر
(B) برھادیشور مندر
(C) ویروپاکش مندر
(D) کیلاش مندر

**نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 3 کے بدلے۔**

درج ذیل شاہی خاندانوں میں سے کون سا وجے نگر کا پہلا شاہی خاندان تھا؟

(A) سنگم شاہی خاندان
(B) تلوا شاہی خاندان
(C) سلوا شاہی خاندان
(D) اراودو شاہی خاندان

4. کرشن دیورائے کے متعلق کون سا بیان صحیح **نہیں** ہے؟ 1

(A) وہ تلوا (Tuluva) شاہی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔
(B) ان کے دور حکمرانی کی خاصیت ان کی سلطنت کی وسعت اور استحکام تھا۔
(C) انہوں نے کرشنا پورم کی قصباتی حلقے کی آبادی قائم کی۔
(D) انہوں نے نظام حکومت کے متعلق 'امکتامالیدا' نامی ایک کتاب تحریر کی۔

5. درج ذیل میں سے کن فصلوں کو مغلیہ سلطنت میں 'جنس کامل' مانا جاتا تھا؟ 1

(A) مکّا اور باجرہ
(B) چاول اور گیہوں
(C) مرچ اور آلو
(D) کپاس اور گنّا

6. ابتدائی بھکتی روایات کے بارے میں درج ذیل بیانات پر غور کیجیے اور صحیح جواب کا انتخاب کیجیے: 1

I. مورخین نے روایات کو جاننے کے لیے سنتو کی سوانح کو دیکھا۔

II. بہت سے عقائد اور معمولات کو 'عظیم' اور 'ادنی' سنسکرت-پورانی روایات کا نام دیا۔

III. بھکتی روایات کو دو واضح زمروں، سگن (Saguna) اور نرگن (Nirguna) میں تقسیم کیا گیا۔

IV. نرگن بھکتی میں خوبیوں کے ساتھ بھگوان کی پوجا کی جاتی تھی۔

متبادل:

(A) I, II & III (B) I, II & IV

(C) I, III & IV (D) II, III & IV

7. درج ذیل میں سے کس ملک سے 'افاناسی نکی تِن' (Afanasi Nikitin) کا تعلق تھا؟ 1

(A) روس (B) پرتگال

(C) اسپین (D) فرانس

8. درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟ 1

(A) بدھ کی پیدائش سانچی میں ہوئی تھی۔

(B) بدھ نے لمبنی میں بصیرت (گیان) حاصل کی تھی۔

(C) بدھ نے اپنا پہلا وعظ (اپدیش) بودھ گیا میں دیا۔

(D) بدھ نے کشی نگر میں مہاپری نِروان (Mahaparinirvana) حاصل کیا۔

9. درج ذیل سلطنتوں (Dynasties) کو تاریخی ترتیب سے لکھیے: 1

I. نندا II. شنگ

III. موریہ IV. گپتا

(A) IV, II, III & I (B) II, I, IV & III

(C) I, III, II & IV (D) III, I, IV & II

10. درج ذیل کو ملائیے: 1

| کالم-II (کام) | | کالم-I (آثار قدیمہ کے ماہر) | |
|---|---|---|---|
| دی میتھیکل میسکرایٹ موہنجوداڑو | (i) | ایس۔این۔رائے | (a) |
| اینشینٹ انڈیا | (ii) | جی۔ایف۔ڈیلس | (b) |
| دی اسٹوری آف انڈین آرکیولوجی | (iii) | آر۔ای۔ایم۔وھیلر | (c) |
| موہنجوداڑو اینڈ دی انڈس | (iv) | جان مارشل | (d) |

| | a | b | c | d |
|---|---|---|---|---|
| (A) | iii | i | ii | iv |
| (B) | ii | iv | i | ii |
| (C) | i | ii | iii | iv |
| (D) | i | ii | iv | iii |

11. درج ذیل میں سے کس مصنف نے سنسکرت قواعد پر 'اشٹھ ادھیائے' کتاب لکھی؟ 1

(A) آریہ بھٹ (B) بھاردواج

(C) چرک (D) پانی

12. نیچے دو بیان دیے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ (A) [Assertion (A)] اور دوسرا وجہ (R) [Reason (R)]، درج ذیل کو پڑھ کر صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1

**دعویٰ (A) Assertion :** 'سیاہ آبادی' کتاب مغلوں کے فوجی اور شہری انتظامیہ پر اہم کتاب تھی۔

**وجہ (R) Reason :** کتاب میں شاہی افسران جیسے منصب دار، شاعر وغیرہ کے مختصر سوانحی خاکے شامل تھے۔

(A) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں، لیکن (R) صحیح بیان ہے (A) کا۔

(B) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں، لیکن (R) صحیح بیان نہیں ہے (A) کا۔

(C) (A) صحیح ہے، لیکن (R) صحیح نہیں ہے۔

(D) (R) صحیح ہے، لیکن (A) صحیح نہیں ہے۔

13. 1850 کی دہائی کے دوران درج ذیل میں سے کس علاقے کو انگریزوں کے ذریعہ ''بنگال آرمی کی نرسری'' (بنگال فوج کی پرورش گاہ) کہا جاتا تھا؟ 1

(A) بنارس (B) اودھ

(C) بیرک پور (D) آعظم گڑھ

14. دستور ساز اسمبلی سے متعلق درج ذیل بیانوں پر غور کیجیے اور صحیح بیان کا انتخاب کیجیے: 1

(A) موتی لال نہرو نے قومی جھنڈے کی تجویز پیش کی۔ (B) جی۔بی۔پنت قانونی صلاح کار تھے۔

(C) سردار پٹیل آئینی مشیر تھے۔ (D) کے۔ایم۔منشی کو فرنٹیئر گاندھی کہا جاتا تھا۔

15. درج ذیل میں سے کس حکمران نے 'سدرشن جھیل' کی دوبارہ تعمیر کی؟ 1

(A) چشتنا (Chashtana) (B) رودردمن

(C) سمدر گپت (D) وکرمادتیہ

16. دوسری صدی BCE سے دوسری صدی CE کے دوران درج ذیل میں سے کس علاقے میں ستواہن حکمرانی کرتے تھے؟ 1

(A) شمالی ہندوستان اور دکن (B) مغربی ہندوستان اور دکن

(C) دکن اور مشرقی ہندوستان (D) مشرقی اور شمالی ہندوستان

17. درج ذیل میں سے کس حکمران نے سانچی کے استوپ کے تحفظ کے لیے کام کیا؟ 1

(A) رخسار بیگم (B) جہاں آرا بیگم

(C) روشن آرا بیگم (D) شاہجہاں بیگم

18. درج ذیل کے صحیح جوڑ ملائیے: 1

| **فہرست-I**<br>**(لیڈروں کے نام)** | **فہرست-II**<br>**(دستور ساز اسمبلی میں ان کا رول)** |
|---|---|
| a. جواہر لال نہرو | i. قانون ساز اسمبلی کے صدر |
| b. بی۔آر۔امبیڈکر | ii. آئینی مشیر |
| c. راجندر پرساد | iii. مسودہ ساز کمیٹی کے چیرمین |
| d. بی۔این۔راؤ | iv. 'اہداف قرارداد' پیش کی |

**متبادل:**

| | a | b | c | d |
|---|---|---|---|---|
| (A) | iii | ii | i | iv |
| (B) | iii | iv | i | ii |
| (C) | iv | iii | i | ii |
| (D) | ii | iii | iv | i |

19. درج ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ (A) [Assertion (A)] اور دوسرا وجہ (R) [Reason (R)] کی شکل میں دیا گیا ہے۔ 1

**دعویٰ Assertion (A)** : گاندھی جی نے رولٹ ایکٹ کے خلاف ملک گیر مہم چلانے کے لیے کہا۔

**وجہ Reason (R)** : انگریزوں نے حکومت کو لوگوں کو بغیر کسی عدالتی کاروائی کے حراست میں رکھنے کی اجازت دے دی۔

(A) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں۔ (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں۔ (R) صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے، لیکن (R) صحیح نہیں ہے۔

(D) (R) صحیح ہے، لیکن (A) صحیح نہیں ہے۔

20. نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے مہابھارت کے کردار کو پہچانیے: 1

- وہ گندھاری کا شوہر تھے۔
- وہ ہستناپور کے بادشاہ بنے۔

(A) پانڈو (B) دھرت راشٹر

(C) یودھشٹر (D) دریودھن

21. درج ذیل متبادل میں سے 1857 کی بغاوت کے واقعات کی صحیح تاریخی ترتیب معلوم کیجیے: 1

I. اودھ میں لارڈ ویلزلی کے ذریعے امدادی معاہدہ (Subsidiary Alliance) شروع کیا گیا۔

II. نواب واجد علی شاہ کو جلاوطن کیا گیا۔

III. اودھ میں انگریز نے جامع بندوبست (Summary settlement) مال گزاری بندوبست نافذ کیا۔

IV. میرٹھ میں بغاوت شروع ہوئی۔

(A) I, II, III & IV (B) II, III, IV & I

(C) III, II, I & IV (D) IV, I, II & III

## حصہ – B

### (چھوٹے جواب کے سوال) 3 × 6 = 18

22. ہندوستان کے مشہور ماہر علوم سنسکرت وی۔ ایس۔ ستھانکر (V.S. Suthankar) اور ان کی ٹیم کے مہابھارت کے تنقیدی ایڈیشن کی ترتیب وتدوین کے کام کا تجزیہ کیجیے۔ 3

23. (a) فارسی سفیر عبدالرزاق وجے نگر کی قلعہ بندی سے بہت متاثر کیوں ہوا؟ بیان کیجیے۔ 3

یا

(b) 'مہانومی ڈِبّہ' وجے نگر کی اہم رسومات کا مرکز کیوں تھا؟ بیان کیجیے۔ 3

24. قدیم سکّوں کے علم (نیومس میٹک-Numismatics) کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔ 3

25. مغل دیہی سماج کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے ماخذ کی جانچ کیجیے۔ 3

26. "دستور ساز اسمبلی میں نہایت قوی اور فعال بحث و مباحثہ کے موضوعات میں سے ایک موضوع مرکزی حکومت اور ریاستی حکومتوں کے حقوق کے متعلق تھا"۔ دلیلوں کے ساتھ اس بیان کا جائزہ لیجیے۔ 3

27. (a) '1857 میں باغیوں کے اعلان میں آبادی کے سبھی طبقوں سے اتحاد کی اپیل کی گئی'۔ اس بیان کو مثالیں دے کر واضح کیجیے۔ 3

یا

(b) "فن اور ادب جتنی تاریخ کی تحریر نے 1857 کی یاد کو زندہ رکھنے میں مدد کی"۔ رانی لکشمی بائی کے حوالے سے اس قول کی تائید کیجیے۔ 3

## حصہ - C

## (لمبے جواب کے سوال)

8 × 3 = 24

28. (a) ہڑپا کی شہری منصوبہ بندی بیان کیجیے۔ 8

یا

(b) ہڑپائی تہذیب کی تلاش میں 1875 سے 1950 تک مختلف آثار قدیمہ کے ماہرین کی خدمات بیان کیجیے۔ 8

29. (a) 'ابتدائی صدیوں میں اسلام میں صوفی کہے جانے والے مذہبی ذہن کے لوگ ترک دنیا اور علم باطن کی طرف مائل ہونے لگے'۔ ان کی روایات کے حوالے سے اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 8

یا

(b) میرابائی شمالی ہندوستان کی ہندو روایات کی ایک مشہور و معروف شاعرہ تھیں۔ ان کے فلسفے اور اعتقاد (belief) کو بیان کیجیے۔ 8

.30 (a) ایک قومی لیڈر کی حیثیت سے گاندھی جی کے بارے میں واقفیت حاصل کرنے کے ماخذات بیان کیجیے۔ 8

یا

(b) عدم تعاون تحریک کے اسباب اور واقعات بیان کیجیے۔ 8

## حصہ - D

## (ماخذ پر مبنی سوالات) 4 × 3 = 12

.31 درج ذیل ماخذ کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 1 + 1 + 2 = 4

### ایک اخبار کی رپورٹ
### (A newspaper report)

"رعیت اور مہاجن" کے عنوان سے مندرجہ ذیل رپورٹ نیٹیو اوپینین 6 جون 1876، (Native Opinion) نامی اخبار میں شائع ہوئی اور بمبئی کے نیٹیو نیوز پیپر میں اس کا حوالہ دیا گیا:

یہ (رعیت) پہلے اپنے گاؤں کی سرحد پر یہ دیکھنے کے لیے جاسوسی کرتے ہیں کہ اگر کوئی سرکاری افسراں آرہے ہیں تو ان کے آنے کی اطلاع مجرموں کو وقت پر ہی دے دیتے ہیں۔ پھر وہ ایک گروہ کی شکل میں جمع ہو کر اپنے قرض خواہ (ساہوکار) کے گھر جاتے ہیں اور ان سے ان کے اقرار نامے اور دیگر دستاویزات حوالے کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں اور انکار کرنے پر قرض خواہوں پر حملہ کرنے اور لوٹ مار کرنے کی دھمکی دیتے ہیں۔ اگر ایسے کسی حادثے کے وقت کوئی سرکاری افسران کے گاؤں کی طرف آتا ہوا نظر آتا ہے تو جاسوس مجرموں کو اس کی اطلاع دے دیتے ہیں اور بعد میں یہ مجرمین وقت رہتے غائب ہو جاتے ہیں۔

31.1 اخبار میں دی گئی رپورٹ دکن کے گاؤں کے علاقوں کے بارے میں کیا دکھاتی ہے؟ 1

31.2 ساہوکاروں کے خلاف رعیت کے مخالفت کے اسباب کی جانچ کیجیے۔ 1

31.3 ان طریقوں کی جانچ کیجیے جن کے ذریعے سے رعیت انگریزوں کی جاسوسی کرتے تھے۔ 2

32. درج ذیل ماخذ کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : $1 + 1 + 2 = 4$

## تھیری گاتھا

یہ ایک انوکھا بودھ متن ہے جو سُتّ پِٹک کا حصہ ہے۔ یہ بھکّھونیوں کے نظم کردہ اشعار کا مجموعہ ہے۔ یہ عورتوں کے سماجی اور روحانی تجربات پر نگاہ ڈالنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ 'پُنّا' ایک 'دامنی' یا غلام ہر صبح اپنے مالک کے گھر کے لیے دریا سے پانی بھرنے جاتی تھی۔ اُسے وہاں ہر روز ایک برہمن اشنان کی روایتیں پوری کرتا نظر آتا تھا۔ ایک صبح اس نے برہمن سے بات کی۔ نیچے پُنّا اور برہمن کے درمیان مکالمے کو، جسے پنّا نے نظم کیا ہے، دیا جارہا ہے:

میں ایک پانی ڈھونے والی ہوں:

سردیوں میں بھی

میں ہمیشہ دریا تک نیچے آتی رہی ہوں

سزا کے خوف سے

یا اعلیٰ ذات کی عورتوں کے غضبناک لفظوں سے (ڈر کر)۔

مگر برہمن! تمہیں کاہے کا ڈر ہے؟

جو تمہیں نیچے دریا تک لے جاتا ہے

(حالانکہ) اس کڑکڑاتے جاڑے میں تمہارا جوڑ جوڑ کانپتا رہتا ہے۔

برہمن نے جواب دیا:

میں بدی سے بچنے کے لیے نیکی کر رہا ہوں؛

کوئی بھی بڑھا یا جوان

جس نے کوئی بدی کی ہو

وہ پانی میں نہا کر چھٹکارا پالیتا ہے۔

پُنّا نے کہا:

یہ تمھیں کس نے بتایا کہ پانی سے دھو کر تم برائیوں سے پاک ہو جاؤ گے ؟ . . .

یوں تو سارے مینڈک اور کچھوے، جنّت میں جائیں گے، اور ایسے ہی پانی کے سانپ بھی۔ اور گھڑیال . . . !

(اس کے بدلے میں) وہ کام ہی نہ کرو جس کا خوف تمھیں پانی کی طرف لے جائے

برہمن ٹھہر جاؤ!

اور اپنی کھال کو سردی سے بچاؤ . . .

32.1 یہ متن پنا کے روحانی تجربات پر نگاہ ڈالنے کا موقع کس طرح فراہم کرتا ہے ؟ 1

32.2 ایک بیدار روح (awakened soul) کی شکل میں 'پنا' کس طرح اظہار کرتی ہے ؟ 1

32.3 اس نظم میں بدھ کی کن تعلیمات کا اظہار ہوتا ہے ؟ 2

33. درج ذیل ماخذ کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 1 + 1 + 2 = 4

## تعلیم و تفریح

ابن جوزی نے جسے ابن بطوطہ کی عبارت (تحریر) املا کرنے کے لیے مقرر کیا گیا تھا، اپنے ابتدائیہ میں لکھا ہے:

(حکمراں کے ذریعہ) ایک مشفقانہ ہدایت دی گئی کہ وہ (ابن بطوطہ) اپنے سفر کے دوران دیکھے گئے شہروں کا نیز اپنی یاداشت میں محفوظ دلچسپ واقعات کو املا کروائیں یعنی تحریر کروائیں اور ساتھ ہی مختلف ممالک کے حکمرانوں میں سے جن سے وہ ملیں، ان کے ممتاز علما کے نیز ان کے برگزیدہ بزرگوں کے متعلق بتائیں۔ اس کے مطابق انھوں نے ان سبھی مضامین پر بیان لکھوایا۔ جس نے ذہن کو تفریح، کانوں اور آنکھوں کو خوشی عطا کی۔ ساتھ ہی اُنھوں نے کئی قسم کے غیر معمولی تذکرے جن کا ذکر کرنے سے روحانی تسکین ہوتی ہے، بیان کیے اور شاندار چیزوں کے بارے میں بتایا جن کے حوالے سے دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔

33.1 مراقش کے سلطان نے ابن بطوطہ کو ابن جوزی سے اپنے سفر کی داستان کی عبارت لکھوانے کے لیے کیوں زور دیا؟ 1

33.2 ابن بطوطہ نے اپنے سفر کے دوران جن مقامات کو دیکھا ان پر روشنی ڈالیے۔ 1

33.3 ابن بطوطہ کے سفر کی روداد اس کے ہندوستان میں سفر کے دوران دیکھی گئی چیزوں کا اظہار کس طرح کرتی ہے ؟ 2

## حصہ - E

## (نقشے کا سوال)

1 × 5 = 5

34.1 دیے گئے ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے پر درج ذیل کو تلاش کیجیے اور اس کے صحیح نام مناسب علامتوں پر لکھیے:

I. سانچی – ایک استوپ 1

II. دھولاویرا – ایک پختہ ہڑپائی مقام 1

III. (a) شاہجہاں آباد (دہلی) – مغلوں کے ماتحت علاقہ 1

یا

(b) گولکنڈہ – 14ویں تا 18ویں صدی کا ایک حکمراں 1

34.2 ہندوستان کے نقشے کے دیے گیے اسی سیاسی خاکے پر 1857 کی بغاوت کے دو مقامات 'A' اور 'B' مارک کیے گیے ہیں۔ ان مقامات کو پہچانیے اور ان کے نزدیک کھینچی گئی لائنوں پر ان کے صحیح نام لکھیے۔ 2

**نوٹ : درج ذیل سوالات صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 34 کے بدلے۔**

34.1 کسی دو پختہ ہڑپائی مقامات کے نام لکھیے۔ 2

34.2 (a) مغل حکمراں کے ماتحت کسی ایک علاقے کا نام لکھیے۔ 1

یا

(b) وجے نگر کی راجدھانی کا نام لکھیے۔ 1

34.3 1857 کی بغاوت کے کسی دو مراکز کے نام لکھیے۔ 2

Cut Here ------ یہاں سے کاٹیں ------ Cut Here ------ یہاں سے کاٹیں ------

سوال نمبر 34 کے لیے نقشہ

Map for Q. No. 34

